مہیج الاحزان
علامہ حسن بن محمد علی یزدی
ولی العصر ٹرسٹ

مہیّج الاحزان

تالیف

آقائی حسن بن محمد علی یزدی

مترجم

مولانا سیّد ظل حسنین زیدی سرسوی

پیش کش: ـــــــ سیّد محمد شبّر عباس

ولی العصر ٹرسٹ

رتہ متہ ضلع جھنگ

نام کتاب ——— مہیج الاحزان

نام مولف ——— آقائی حسن بن محمد علی یزدی

نام مترجم ——— مولانا سید ظل حسین زیدی سرسوی

سال طباعت ——— ۱۹۹۱ء بمطابق ۱۴۱۱ھ

تعداد ——— ۱۰۰۰

کتابت ——— حضرت کیلیانوالہ

مطبع ———

ہدیہ ———

ناشر ———

ولی العصر، رتہ متہ ضلع جھنگ

اسٹاکسٹ

افتخار بک ڈپو۔ مین بازار اسلام پورہ لاہور

کا کوئی شخص احصاء نہیں کر سکتا۔ حضرت امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ (اقتباس از خطبۃ الخطبۃ) ظاہرہ، ظاھرہ لا یُملَکُ وباطِنَہٗ غَیبٌ لا یُدرَکُ واحدٌ دھرہٖ وخلیفۃُ اللّٰہِ وَوَلِیُّ امرہٖ لا یوجد لَہٗ مَثِیلٌ ولا یقُومُ لَہٗ بدیلٌ فَمَن ذا یعرِفُ معرِفَتَنا او ینالُ درجَتَنا اَو یَشہَدُ کراماتنا او یدرِکُ منزلتنا۔ کس کی یہ طاقت ہے کہ وہ ہماری معرفت کو جو ظاہر پر مبنی ہے پا سکے یا ہمارے درجات تک پہنچ سکے اور ہماری کرامت و بزرگی کا ادراک کر سکے ارباب عقل و دانش، اولی الالباب ہماری معرفت کو ہرگز نہیں پہنچ سکتے ہمارے بارے میں عقلیں سرگردان ہیں۔ اور اسی خطبہ میں آپ نے یہ بھی فرمایا ہے کہ هَل یعرِفُ اَو یُوصَفُ اَو یَعلَمُ اَو یَفہَمُ شانٌ مَن ھُوَ نقطۃ الموجودات وقطبُ الدائرات وَسِرُّ الکائناتِ وشعاعُ جلالِ الکبریاءِ جَلَّ مقامُ آلِ محمّدٍ عَن وَصفِ الواصفین ونعت النّاعتین وان یقاس بھم احدٌ من العالمین یعنی کہ جب تک کہ معرفت نہ ہو کوئی شخص کس طرح وصف بیان کر سکتا ہے۔ اور پھر اس کا مرتبہ اور اس کے درجہ کی تعریف کوئی کیا کر سکتا ہے کہ جو نقطۂ موجودات ہو۔ قطب دائرہ مخلوقات ہو۔ بلند تر ہے مقام آل محمد صلوات اللہ علیہم اجمعین کہ ہماری تعریف و نعت اور مدح اس کا احاطہ کر سکے۔ حضرت آل محمدؐ کی بلندی درجات کو کوئی نہیں پہنچ سکتا۔ فَمَا اٰیۃٌ لِلّٰہِ اکبر مِنہُم فَہُم اٰیۃُ اللّٰہِ اکبر منہم فہم ایۃٌ مِن دُونِہَا کُلُّ اٰیۃٍ وَمَا نعمۃٌ الّا وھُم اولیاءُھا فہم نعمۃٌ مِنہَا اَتَت کُلُّ نِعمَۃٍ۔ ہم خدائے تعالے کی آیات میں سب سے بڑی آیت ہیں یعنی ہم آیۃ اللہ العظمیٰ ہیں اور کوئی اولیاء اللہ سے بڑھ کر نعمت نہیں ہے کہ یعنی کہ یہی سب سے بڑی نعمت ہے۔ کہ کوئی اللہ کا دوست ہو اور ہم اللہ کی